حق پرست عوام ڈاکٹر علی حسین کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔30، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین کی شدید علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ ڈاکٹر علی حسین کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

کارکنان تنظیمی معاملات کے حوالہ سے ایک صفحہ پر مبنی فیکس کریں، طارق جاوید

حق پرست عوام گھریلو جھگڑوں، رقم کی لین دین، پلاٹوں اور فلیٹوں پر قبضہ کے معاملات پر حق پرست نمائندگان سے رابطہ کریں

لندن۔۔۔30، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ تنظیمی معاملات کے حوالہ سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں فیکس کرنے سے قبل اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ان کا فیکس ایک صفحہ پر ہی مبنی ہو۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں موصول ہونے والے فیکس غیر ضروری طویل اور کئی کئی صفحات پر مبنی ہوتے ہیں۔طارق جاوید نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنی تنظیمی معاملات کے حوالہ سے اپنی تجاویز اور شکایات سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کو ضرور فیکس کریں تاہم اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ان کے فیکس ایک صفحہ پر ہی مبنی ہوں۔نیز فیکس کرنے والے افراد اپنے فیکس میں اپنا نام اور رابطہ نمبر ضرور تحریر کریں۔طارق جاوید نے مزید کہا کہ ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں شادی بیاہ، طلاق، جائیداد، پلاٹوں اور فلیٹوں پر قبضہ، رقم کی لین دین، گھریلو اور خاندانی جھگڑے اور عدالتی معاملات نہیں دیکھے جاتے لہٰذا حق پرست عوام مذکورہ مسائل کے حوالہ سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون، فیکس یا ای میل کرنے کے بجائے اپنے علاقے کے حق پرست ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظمین اور یوسی ناظمین سے رابطہ کریں۔

کراچی میں اغوابرائے تاوان کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش

اغوا کی وارداتوں کی روک تھام اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔30، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں اغوابرائے تاوان کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی میں گزشتہ کچھ عرصہ سے شہریوں خصوصاً تاجروں، صنعتکاروں اور اہل ثروت افراد کے اغوابرائے تاوان کی وارداتوں میں اضافہ ہوگیا ہے جس کی وجہ سے شہریوں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔تاحال کئی افراد ڈاکوؤں کے ہاتھوں اغوا ہیں جنکے اہل خانہ سے تاوان طلب کیا جارہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں اغوابرائے تاوان کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی روک تھام اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ہنگامی بنیادوں پر ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور اغوابرائے تاوان کی گھناؤنی وارداتوں میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔

اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن محمد جیلانی کے بھائی محمد وسیم جیلانی کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔30، جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن محمد جیلانی کے بھائی محمد وسیم جیلانی کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں ربطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ محمد وسیم جیلانی کے قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے محمد جیلانی سمیت مقتول کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

ایم کیوایم پنجاب نارووال کے ڈسٹرکٹ انچارج رانا مقصود کے کزن فیصل رضا کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30، جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پنجاب نارووال کے ڈسٹرکٹ انچارج رانا مقصود کے کزن فیصل رضا کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے رانا مقصود اور فیصل رضا مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی افسوس اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ فیصل رضا مرحوم کی مغفرت فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆